| ☆ | Roll No ________ |
|---|---|

**S.S.C (Part-I) A/2024**
**(For all Sessions)**

| Paper Code | 5 | 0 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اردو لازمی (معروضی)

گروپ - I   Rwp-1-24   وقت: 20 منٹ   نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D,C,B,A دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

1.1 حضور ﷺ نے امانتیں واپس کرنے کی ذمہ داری سونپی:
(A) حضرت ابو بکرؓ کو (B) حضرت عمرؓ کو (C) حضرت عثمانؓ کو (D) حضرت علیؓ کو

2۔ مرزا کے دوست کا فرغل تھا:
(A) ریشم کا (B) چھینٹ کا (C) سوت کا (D) لٹھے کا

3۔ سرسید نے 1870ء میں علمی و ادبی رسالہ جاری کیا:
(A) ندوۃُ العلماء (B) اسبابِ بغاوتِ ہند (C) تہذیبُ الاخلاق (D) ہمدرد

4۔ "شاعروں کے لطیفے" میں دربار میں مرشد زادہ کس کی طرف سے عرض لے کر آئے:
(A) ملکہ (B) مرشد زادی (C) شہزادی (D) کنیز

5۔ سردار تجمل حسین کی کوٹھی کا نام ہے:
(A) النشاط (B) المسرت (C) الضیاء (D) التجمل

6۔ "امتحان" میں مصنف نے کمرے کے دروازے کے شیشوں پر چپکا دیا:
(A) اخبار (B) پھول (C) گتا (D) کاغذ

7۔ اُلّو کا ذکر پرانے بادشاہوں نے اکثر کیا ہے:
(A) کتابوں میں (B) تاریخ میں (C) روزنامچوں میں (D) ذاتی تاریخ میں

8۔ محرم بھی ایسا ہی جیسا کہ ہے:
(A) نامحرم (B) رحیم (C) کریم (D) رازق

9۔ خلوتِ اوراق میں نغمہ زن تھے:
(A) بُلبل (B) چڑیاں (C) تیتر (D) طیور

10۔ خواجہ حیدر علی آتش کے مطابق برہمن کو حسرت رہی:
(A) کام کی (B) قرض لینے کی (C) حکومت کی (D) باتوں کی

11۔ بندر کی مؤنث ہے:
(A) باندری (B) بندریاں (C) بندریا (D) ابندر

12۔ راہبر کا متضاد ہے:
(A) ساتھی (B) ہمدرد (C) دوست (D) راہزن

13۔ قہر کا مترادف ہے:
(A) غضب (B) ظلم (C) مزہ (D) جوش

14۔ نور کی جمع ہے:
(A) چاندنی (B) روشنی (C) انوار (D) کرشمہ

15۔ موت کی جمع ہے:
(A) موتیں (B) مرگ (C) مردہ (D) اموات

205-09-A

R

www.eduvision.edu.pk

**S.S.C. (Part-I) A / 2024**
**(For all Sessions)**

Roll No ______________

## اردو لازمی (انشائیہ)

گروپ - I

RUP-I-24

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) (2x5=10)

### حصہ نظم

(i) ہے تیرے گُلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور
خالی ہے جیبِ گُل، زرِ کامل عیار سے

(ii) تُو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو
جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلہ تیرا

(iii) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے
قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

(iv) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر
یہی میری حُرمت، یہی آبرو ہے

### حصہ غزل

(i) مزا غم کے کھانے کا جن کو پڑا
وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھو یا کیا

(ii) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اضطراب کی سی ہے

(iii) ہاں بھلا کر، ترا بھلا ہو گا
اور درویش کی صدا کیا ہے

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (10)

(الف) شیخ جمن کی ایک بوڑھی بیوہ خالہ تھیں۔ ان کے پاس کچھ تھوڑی سی مِلکیت تھی مگر غریب کا وارث کوئی نہ تھا۔ جمن نے وعدے وعید کے سبز باغ دکھا کر خالہ اماں سے وہ ملکیت اپنے نام کرا لی تھی۔

(ب) چند بِلیاں گھر میں سارے چوہوں کو ختم کر سکتی ہیں۔ چوہے تو رفع ہو جائیں گے مگر بِلیاں رہ جائیں گی۔ بِلیاں دن بھر میک اپ کرتی ہیں، ان کی جلد پر طرح طرح کے ڈیزائن ہوتے ہیں۔ موٹی بِلیاں اپنے جسم پر لمبائی میں سیدھی دھاریاں بنالیں تو ان کا موٹاپا چُھپ سکتا ہے۔ وہ چھریری اور کیوٹ معلوم ہوں گی۔

4- ذیل میں سے درج کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (10)

(i) اہلِ قریش نے حضور ﷺ کو اسلام کی روک تھام کے لیے کیا کیا رائیں پیش کیں؟

(ii) غالب نے اپنا چُوغہ کس کو دیا اور کیوں؟

(iii) سبق "کاہلی" کے کوئی سے دو مقاصدِ تدریس بیان کریں؟

(iv) مضمون نگار کو امتحان سے گھبرانے والوں پر ہنسی کیوں آتی ہے؟

(v) دیہاتی لڑکے کی کہانی سُن کر سلیم میاں پر جو اثرات ہوئے تحریر کریں؟

(vi) نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
اس شعر میں مشبہ اور مشبہ بہ کی وضاحت کریں۔

(vii) شاعر (امیر مینائی) کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟

(viii) گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے کیا مراد ہے؟

5- درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ (05)

الف- ہوا اور قالین
ب- مرزا غالب کے عادات و خصائل

6- نصاب میں شامل نظم "نعت" کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (05)

7- مالک مکان کے نام خط لکھیے جس میں اسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلایئے۔ **یا** اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل کے نام بیماری کی درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

8- " ہرنی کی دُعا " کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ **یا** اُستاد اور شاگرد کے درمیان " تاریخِ پاکستان " کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ (05)

9- درج ذیل جملوں کی درستی کریں۔ (05)

(i) دل کو چاہا تو ضرور آؤں گا۔

(ii) عزیز کو گلاس توڑ دی۔

(iii) شانزہ نے کتاب پڑھی اور سونے چلی گیا۔

(iv) گھوڑے فروخت کر کے سونا۔

(v) میں نے کتاب کو پڑھنا ہے۔

**یا**

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) نہ رہے بانس نہ بجے ______________

(ii) خدمت کو ______________ ہے۔

(iii) شیخی اور ______________

(iv) تخمِ تاثیر ______________

(v) آپ آئے ______________

R

www.eduvision.edu.pk

| ☆☆☆ | Roll No ____________ |
|---|---|

**S.S.C (Part-I) A/2024**
**(For all Sessions)**

| Paper Code | 5 | 0 | 2 |
|---|---|---|---|

# اردو لازمی (معروضی)

گروپ - II     وقت: 20 منٹ     نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D,C,B,A دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

1-1 آتش کی غزل کے دوسرے شعر میں استعارہ استعمال ہوا ہے:
(A) موتی (B) قلم (C) وصف (D) دندان

-2 دعوات کا واحد ہے:
(A) دعائیہ (B) داعی (C) دعا (D) دعوت

-3 فقیر کی مؤنث ہے:
(A) فقیرن (B) فقیری (C) بھکارن (D) فقیرنی

-4 کثیر کا متضاد ہے:
(A) قلیل (B) تھوڑا (C) کم (D) کبیر

-5 بندہ کا مؤنث ہے:
(A) باندی (B) بند (C) بندی (D) بیندی

-6 امراض کا واحد ہے:
(A) مریض (B) مرض (C) مراض (D) مراضی

-7 "آبِ چشمۂ حیواں درونِ تاریکیست" میں آبِ چشمہ کا معنی ہے:
(A) آبِ شیریں (B) آبِ کھاری (C) آبِ سیاہ (D) آبِ حیات

-8 انسان کس شے کو کھو کر پورا حیوان بن جاتا ہے؟
(A) انسانی صفت (B) ایمانداری (C) محنت (D) کاہلی

-9 کس مصنف کے ناول اصلاحی ہیں؟
(A) پریم چند (B) مرزا ادیب (C) نذیر احمد (D) مولانا آزاد

-10 دہلی میں کونسی وبا آئی؟
(A) برص (B) ہیضہ (C) طاعون (D) بخار

-11 یہودی نے قرائن سے پہچان کر کہا ------- تم جس کا انتظار کرتے تھے وہ آگیا ہے۔
(A) اے صحابہ (B) اہلِ مدینہ (C) اہلِ عرب (D) اہلِ یہود

-12 وضع دار وحشی کسے کہتے ہیں؟
(A) کاہل کو (B) پھوہڑ اور بدسلیقہ (C) حیوان صفت کو (D) نکمے کو

-13 بلیاں کتنی دیر میں سدھائی جاسکتی ہیں؟
(A) ایک سال (B) دو سال (C) تین سال (D) چار سال

-14 نواب آصف الدولہ کے دربار سے کون سا شاعر وابستہ رہا؟
(A) میر تقی میر (B) حیدر علی آتش (C) مرزا غالب (D) بہادر شاہ ظفر

-15 علامہ اقبال کی خالص فارسی زبان میں شعری کتابوں کی تعداد کتنی ہے؟
(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

www.eduvision.edu.pk

Roll No.____________

**S.S.C. (Part-I) A / 2024**
**(For all Sessions)**

**اردو لازمی (انشائیہ)** **گروپ - II**

**وقت: 2:10 گھنٹے** **نمبر: 60**

RWP-2-24

2۔ درج ذیل اجزا میں سے حصہ نظم میں سے تین اور غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ [2x5=10]

**حصہ نظم**

(i) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نا محرم
کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

(ii) یہاں ہے ظہور اور وہاں نُور تیرا
مکاں میں بھی تُو، لامکاں میں بھی تُو ہے

(iii) سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری قدرت
تیتر پکارتے ہیں سُبحان تیری قدرت

(iv) ہے تیرے گُلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور
خالی ہے جیبِ گُل، زرِ کامل عیار سے

**حصہ غزل**

(i) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز
اسی خانہ خراب کی سی ہے

(ii) زنخداں سے آتشِ محبت رہی
کنویں میں مجھے دل ڈبویا کیا

(iii) دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے
آخر اس درد کی دوا کیا ہے

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی لکھیے۔ [10]

(الف) ایک دن دیوان فضل اللہ مرحوم چُرٹ میں سوار مرزا صاحب کے مکان کے پاس سے بغیر ملے نکل گئے۔ مرزا کو معلوم ہوا تو انھوں نے ایک رقعہ دیوان جی کو لکھا۔ مضمون یہ کہ آج مجھ کو اس قدر ندامت ہوئی ہے کہ شرم کے مارے زمین میں گڑا جاتا ہوں۔ اس سے زیادہ اور کیا نالائقی ہو سکتی ہے کہ آپ کبھی نہ کبھی تو اس طرف سے گزریں اور میں سلام کو حاضر نہ ہوں۔ جب یہ دیوان جی کے پاس پہنچا تو وہ نہایت شرمندہ ہوئے اور اُسی وقت گاڑی میں سوار ہو کر مرزا صاحب سے ملنے کو آئے۔

(ب) ماہرین کا خیال ہے کہ بُلبُل کے گانے کی وجہ سے اُن کی غمگین خانگی زندگی ہے۔ جس کی وجہ یہ ہر وقت کا گانا ہے۔ دراصل بُلبُل ہمیں محظوظ کرنے کے لیے ہر گز نہیں گاتی، اُسے اپنے فکر ہی نہیں چھوڑتے۔ بُلبُل پکے راگ گاتی ہے یا کچے؟ بہر حال اس سلسلے میں وہ بہت سے موسیقاروں سے بہتر ہے۔ ایک تو وہ گھنٹے بھر کا الاپ نہیں لیتی۔ بے سُری ہو جائے تو بہانے نہیں کرتی کہ ساز والے نکمے ہیں۔ آج گلا خراب ہے، آپ تنگ آ جائیں تو اُسے خاموش کرا سکتے ہیں ........... اور کیا چاہیے۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ [10]

(i) حضور اکرم ﷺ نے جناب امیرؓ کو بلا کر کیا فرمایا؟

(ii) آم کے بارے میں مرزا غالب کی کیا رائے تھی؟

(iii) کون سے لوگ بہت کم کاہل ہوتے ہیں؟

(iv) "حضرت بی" کون تھیں؟

(v) بیل زمین پر کیوں گر پڑا؟

(vi) علامہ اقبالؒ نے کتنی عمر پائی؟

(vii) نظم نعت میں "تُو" سے کون مراد ہیں؟

(viii) میرؔ کی غزل کے اِس شعر میں کون سی تشبیہ استعمال ہوئی ہے؟
نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ [05]

الف۔ کاہلی ب۔ آرام و سکون

6۔ نصاب میں دی گئی نظم "نعت" کا مرکزی خیال / خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام لکھیں۔ [1+4=5]

7۔ پوسٹ ماسٹر کے نام درخواست لکھیے جس میں ڈاک کی ناقص کارکردگی کے بارے میں شکایت کریں۔ [10]

یا

والد کے نام خط لکھیے جس میں سکول میں امتحانی نتیجہ کی روداد بیان کریں۔

8۔ "مریض اور ڈاکٹر" کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ **یا** "عقل مند بیوی" کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ [05]

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ [05]

(i) امجد نے کراچی جانا ہے۔

(ii) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔

(iii) اُسامہ نے بچہ کو اُس کی ماں کو دیا۔

(iv) ریوڑ جنگل میں چل رہے ہے۔

(v) اُس کی عزت، شہرت، دولت، صحت سب کچھ داؤ پر لگ گئے۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) زبانِ خلق کو ____________

(ii) باسی کڑھی میں ____________

(iii) ماروں گھٹنا ____________

(iv) آخ تھو ____________

(v) گُڑ سے جو مرے ____________

R

www.eduvision.edu.pk